# 09-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت 2035ءتک تلنگانہ کوایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے مقصد سے کام کررہی ہے۔

۲۔مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ کےعوام دہلی کے ووٹرس کی طرح ریاست میں بی جے پی کی ڈبل انجن حکومت چاہتے ہیں۔

۳۔ٹی آرایس کے کارگذارصدر کےٹی آرنے الزام لگایا ہے کہ حکومت ذات پات کے سروے میں بی سی آبادی میں 5.5 فیصد کی کمی کررہی ہے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے امید ظاہر کی ہے کہ ریاست میں تین ایم ایل سی سیٹوں پر بی جے پی یقینی طورپر کامیابی حاصل کرے گی۔

## ENCOUNTER:

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں آج حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں آج 31 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ اس جھڑپ میں حفاظتی دستوں کے دو جوان بھی ہلاک ہوگئے اور کئی زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تمام ماونوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ مقام سے ہتھیار و گولا بارود کی بڑی مقدار ضبط کی گئی ہے۔ علاقہ میں سرچ آپریشن ابھی جاری ہے۔ اس واقعہ کے ساتھ ہی اس سال ابتک چھتیس گڑھ میں الگ الگ انکاؤنٹرس میں حفاظتی دستوں کے ہاتھوں ہلاک ماؤنوازوں کی تعداد 62 ہوگئی ہے۔

## KISHAN REDDY:

دہلی اسمبلی چناؤ میں بی جے پی کی شاندار کامیابی کا جشن منانے کے لئے آج پورے تلنگانہ کے ریاستی اورضلع پارٹی آفیسس میں تقریبات ہوئیں۔ لیڈرس اور ورکرس نے بٹاخے چھوڑے اور مٹھائی تقسیم کی۔ حیدرآباد میں بی جے پی کارکنوں کی ایک بڑی تعداد تقریبات میں شریک ہوئی۔ پارٹی پرچم لہراتے ہوئے انہوں نے نعرے لگائے، آتش بازی کی اور مٹھائی تقسیم کی۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی، ارکان پارلیمنٹ کے لکشمن، کونڈا وشویشور ریڈی اور دوسروں نے

جشن میں حصہ لیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ دہلی کی عوام نے محسوس کرلیا ہے کہ ڈبل انجن حکومت میں ترقی ممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی عوام ریاست میں بی جے پی کی ڈبل انجن حکومت چاہتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ تلنگانہ کے عوام کانگریس حکومت کے تعلق سے اب کسی وہم میں نہیں ہے۔انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ بی جے پی آنے والے چناؤ میں ریاست میں حکومت بنائے گی۔

DK ARUNA:

بی جے پی رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں آنے والے دنوں بی جے پی حکومت بنے گی۔محبوب نگر میں ایک پریس کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام اب کانگریس پارٹی پر بھروسہ نہیں کرتے اور وہ مستقبل قریب میں پوری طرح سے غائب ہوجائے گی۔انہوں نے یہ بھی ذکر کیا کہ دہلی کی عوام نے بی جے پی کو تاریخی کامیابی دلائی ہے۔ارونا نے کہا کہ کانگریس پارٹی ناقابل عمل وعدوں کے ساتھ تلنگانہ میں حکومت میں آئی تھی اور اب اسے عوام کی سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ ریاست میں جب کبھی چناؤ ہوں گے بی جے پی حکومت بنائے گی۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حیدرآباد شہر نیویارک، لندن، دبئ اور سنگاپور جیسے شہروں کے ساتھ مقابلہ کررہا ہے۔انہوں نے کیرالا میں عالمی خطوں کے عالمی تہوار میں حصہ لیتے ہوئے یہ ریمارکس کئے۔انہوں نے یہ ذکر کیا کہ دیواس میں ان کے حالیہ دورہ کے دوران انہوں نے تلنگانہ کے لئے 1.82 لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری حاصل کی ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کو 2035ء تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے مقصد سے کام کررہی ہے۔دہلی میں کانگریس کی شکست کی تجزیہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ انڈیا اتحاد میں ہر پارٹی بہت کچھ مانگ رہی ہے اور اس سے بی جے پی کو فائدہ ہورہا ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایک ملک ایک چناؤ پالیسی ریاستوں پر کنٹرول کے لئے بی جے پی کی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ حد بندی کے ذریعہ بی جے پی جنوبی ریاستوں میں پارلیمانی حلقوں کو چھوٹا کررہی ہے۔

LEAD BANDI:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ ریاست کے تین ایم ایل سی چناؤ میں بی جے پی کی کامیابی یقینی

ہے۔انہوں نے نلگنڈہ ضلع کے بی جے پی آفس میں ورنگل، کھمم اور نلگنڈہ ضلعوں کے لئے ایم ایل سی الیکشن ورکشاپ میں حصہ لیا۔ بعد میں ایک میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکمراں جماعت کو ریاست میں امیدوار تلاش کرنے میں مشکل پیش آرہی ہے اور بی آر ایس سے کوئی بھی مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہورہا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ ایم ایل سی چناؤ میں فائدہ کے لئے کانگریس اور بی جے پی کے درمیان ایک خفیہ سمجھوتا کیا گیا ہے۔ انہوں نے جامع فیملی سروے کے نام پر ایم آئی ایم کے دباؤ میں 10 فیصد مسلمانوں کو بی سی زمرے میں شامل کرنے پر تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ اس قدم سے ملازمتوں،فنڈس اور سیاسی موقعوں میں پسماندہ طبقات کے ساتھ نا قابل تلافی ناانصافی ہوگی۔

KTR

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے آج تلنگانہ بھون میں پارٹی کے بی سی لیڈرس کے ساتھ ایک اجلاس رکھا۔ انہوں نے سینئر لیڈرس کے ساتھ حالیہ سیاسی حالات پر بات چیت کی اور بی سی سنسس اور مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کے لئے 42 فیصد تحفظات جیسے مسائل کا جائزہ لیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جلد ہی بی سی طبقات سے متعلق مسائل پر بی آر ایس کے ایکشن پلان کا اعلان کیا جائے گا۔انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت نے ذات پات کے سروے میں بی سی آبادی میں پانچ اعشاریہ پانچ فیصد کی کمی کی ہے اور اس کے لئے وزیر اعلیٰ کو معافی مانگنی چاہئے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات دینے کے وعدہ کو پورا کرے۔

JUPALLI:

آب کاری، تہذیب اور سیاحت کے وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے ونپرتی ضلع کے پدامنڈاڈی منڈل کا دورہ کیا۔انہوں نے ایک ہزار 871 اعشاریہ پانچ صفر کے خرچ سے کئی دیہاتوں میں مختلف ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سی سی روڈس، بی ٹی روڈس اور ڈرینج کنالس کی تعمیر کے لئے سنگ بنیاد رکھا گیا ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ تمام کاموں کو دسمبر تک پورا کیا جائے گا۔

SHAB-E-BARAT:

شب برات سے پہلے پورے حیدرآباد میں قبرستانوں کی صفائی، ستھرائی اور دیکھ بھال کے کام شروع کئے گئے ہیں۔ عوامی نمائندوں کی درخواست پر جی ایچ ایم سی نے کچرے کی صفائی، جھاڑیوں کو کاٹنے، روشنی اور پانی کی سہولتوں پر

کام شروع کردیا ہے۔اسلامی مہینہ شعبان کی 15 تاریخ کو شب برات منائی جاتی ہے۔ یہ دعوؤں اور خصوصی عبادتوں کی رات ہوتی ہے۔اس رات مسلمان اپنے مرحومین کی دعائے مغفرت کے لئے قبرستان جاتے ہیں۔تلنگانہ حکومت نے 14 فروری کو شب برات کی مناسبت سے اختیاری تعطیل کا اعلان کیا ہے۔

HAJ:

سعودی عرب کی وزارت حج وعمرہ نے گھریلو عازمین حج کے لئے رجسٹریشن شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ان میں سعودی شہری اور سعودی عرب میں رہنے والے غیر ملکی شامل ہے۔وزارتِ حج وعمرہ نے بتایا اس سال حج ادا کرنے کے خواہشمند Nusk ایپلی کیشن یا وزارت حج وعمرہ کی ویب سائٹ پر رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔اس سال حج 4 جون سے 9 جون کے درمیان ہونے کی امید ہے۔حج مسلمانوں کے لئے ایک فرض عبادت ہے اور حیثیت رکھنے والے مسلمانوں کے لئے زندگی میں ایک بار حج ادا کرنا فرض ہے۔

PPC - 2025

پرکشا پہ چرچہ کا آٹھواں پروگرام کل نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں ہوگا جو وزیراعظم نریندر مودی کی ایک پہل ہے۔ جس میں وہ طلبہ سے بات چیت کرتے ہوئے تمام ریاستوں اور مرکزی علاقوں کے 36 طلبہ کو وزیراعظم کے ساتھ راست رابطہ کے لئے چنا گیا ہے۔ یہ پروگرام آکاش وانی، دوردرشن،سویم پربھا، دفتر وزیراعظم کے یوٹیوپ چینل اور وزارت اطلاعات ونشریات کے سوشیل میڈیا چینلز پر پیش کیا جائے گا۔

WASTE:

آصف آباد ضلع کی کاغذنگر بلدیہ کے اوسینی میں کچرے کی پراسیسنگ کا ایک بائیو مائننگ پلانٹ شروع کیا گیا ہے۔ لاتور، مہاراشٹرا کی ایک کمپنی ساگر موٹرس کنٹراکٹ کی بنیاد پر یہ کام کررہی ہے۔عہدیداروں نے شہر میں پانچ ہزار 509 میٹرک ٹن کچرے کی نشاندہی کی ہے۔ بلدی عہدیداروں نے کہا ہے کہ روزانہ پانچ سو تا چھ سو میٹرک ٹن کچرہ صاف اور پراسس کیا جائے گا۔

GHMC:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج جی ایچ ایم سی کے بی جے پی کارپوریٹرس کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔انہوں نے گریٹر حیدرآباد میں بلدی مسائل اور ایم ایل سی چناؤ میں پارٹی کی مہم کے بارے میں بات چیت کی۔ کشن ریڈی نے جی ایچ

ایم سی اسٹانڈنگ کمیٹی کے چناؤ کے لئے پارٹی کی حکمت عملی کے بارے میں بھی بات چیت کی۔

Train

ریلوے عہدیداروں نے اعلان کیا ہے کہ سکندرآباداورکاغذنگر کے درمیان چلنے والی بھاگیہ نگرا کسپریس کل سے اس مہینہ کی بیس تاریخ تک روک دی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ قاضی پیٹ، کھمم اور وجئے واڑہ کے درمیان تیسری ریلوے لائن پر جاری تعمیری کام کی وجہ سے اسے روکا گیا ہے۔

Sparsh

منچریال ضلع کے میڈیکل اورہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ہریش رائے نے کہا ہے کہ ضلع میں جزام کوختم کرنے کے لئے اس مہینہ کی 13 تاریخ تک اسپرش کے نام سے ایک بیداری پروگرام کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹرس اورمیڈیکل اسٹاف اس بیماری کوختم کرنے کے لئے کام کررہے ہیں۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ جزام سے پریشان نہ ہوں اورکسی جھجھک کے بغیرعلاج کرائیں۔

☆☆☆